فوری ریلیز کے لیے: 17/8/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے $350 ملین کے لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ کے حصہ کے طور پر لائف سائنسز بزنس مقابلے کا افتتاح کیا

لائف سائنسز اور ہیلتھ کیئر ٹیکنالوجی پر مرکوز علاقائی مقابلے اور ایکسلریٹر پروگرام کی معاونت کے لیے $50 ملین

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ نے آئندہ RFP کے ذریعے لائف سائنس ایکو سسٹم سپورٹ کو چلانے کے لیے انڈسٹری سے آراء لینے کے لیے میٹنگ بلائی

گورنر Kathy Hochul نے آج لائف سائنس بزنس مقابلے کا افتتاح کیا جو $350 ملین کے لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ کا ایک جزو ہے۔ درخواستیں وصول کرنے کا اعلان، لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ کے $50 ملین لائف سائنس بزنس مقابلے کے لیے پہلا قدم ہوگا، جس کا مقصد لائف سائنسز، ہیلتھ ٹیکنالوج اور میڈیکل ڈیوائس کے شعبوں میں کمپنیوں کو راغب کرنا اور ترقی دینا ہے۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ نے RFP پر مبنی مقابلے کے عمل کے لیے ابتدائی معلومات جمع کرنے کے لیے لائف سائنسز انڈسٹری کے ماہرین کی میٹنگ بلائی۔

"نیو یارک کو ایسی اسٹریٹجک سرمایہ کاریوں کے ذریعے رہنمائی کرنے پر فخر ہے جو لانگ آئی لینڈ اور ریاست بھر میں تبدیلی کے مواقع پیدا کریں گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ کا لائف سائنسز کا کاروباری مقابلہ، اقتصادی ترقی اور جدت کو آگے بڑھائے گا اور علاقے کو تجارتی لائف سائنسز کا ایک طاقتور مرکز بنا دے گا۔"

گورنر Hochul کے مالی سال 2023 کے نافذ کردہ تاریخی بجٹ کے ایک حصے کے طور پر شامل، لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ ان منصوبوں پر توجہ مرکوز کرے گا جو علاقائی معیشت کو سہارا دیں گے اور اس میں اضافہ کریں گے، کمیونٹیز کو بہتر بنائیں گے اور سارے لانگ آئی لینڈ پر دیرپا اقتصادی اثرات مرتب کریں گے۔ لائف سائنسز کے کاروباری مقابلے کے علاوہ، یہ فنڈ علاقائی ترقیاتی منصوبوں کے لیے $250 ملین اور ڈویلپمنٹ سینٹر کی تعمیر اور اس کا انتظام چلانے کے لیے $50 ملین مختص کرے گا۔

یہ مقابلہ لانگ آئی لینڈ کی یونیورسٹیز اور تحقیقی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے ایک بزنس ایکسلریٹر کو عمل میں لائے گا تاکہ ایسے لائف سائنس اسٹارٹ اپ کاروباروں کو سپورٹ کیا جا سکے جن میں زیادہ اجرت والی مستقل ملازمتیں پیدا کرنے اور ٹیکنالوجی کی کمرشلائزیشن کی صلاحیت ہو۔ لانگ آئی لینڈ کے کاروباری مقابلے کو ریاست نیو یارک کے دوسرے کامیاب کاروباری مقابلوں، جیسے گرو-NY اور 43 نارتھ کے سانچے میں اور ان کا ساتھ دینے کے لیے ڈیزائن کیا جائے گا۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیئرمین Kevin Law نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت میں، لانگ آئی لینڈ، مسابقتی لائف سائنسز کی صنعت میں سب سے آگے رہنے کے لیے تیار ہے۔ لانگ آئی لینڈ انوسٹمنٹ فنڈ کا کاروباری مقابلہ لائف سائنسز کی تنظیموں کو اپنی طرف متوجہ کرے گا اور ترقی دے گا - جو لانگ آئی لینڈ میں موجود پہلے سے ہی متاثر کن روسٹر میں شامل ہو جائیں گی - اور علاقے کے تجارتی لائف سائنس ایکو سسٹم کو بلند کرنے میں

کلیدی کردار ادا کریں گی۔"

لائف سائنسز کی صنعت ریاست نیو یارک کے لیے ایک طاقتور ترقی کا انجن بن گئی ہے، جس نے ریاست کے اہم علاقوں کو لائف سائنس کے متحرک مراکز میں تبدیل کر دیا ہے جس میں تحقیق، ترقی، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور تجارت کاری کے مختلف مراحل کے لیے وقف تنظیمیں اور ادارے شامل ہیں۔ لانگ آئی لینڈ تسلیم شدہ لائف سائنسز کمپنیوں اور اداروں کا گھر ہے جو جدید ٹیکنالوجی اور جدید طریقہ علاج کو غیر مقفل کرنے کی پیشرفت کے لیے اہم رہے ہیں، جیسے کہ Feinstein Institutes for Medical Research, Cold Spring Harbor Laboratory, Brookhaven National Labs کے ساتھ ساتھ Stonybrook University۔ لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ سے لائف سائنسز کے لیے $50 ملین کی ترسیل لانگ آئی لینڈ اور ریاست نیو یارک کو جدید ترین شعبوں بشمول جدت، بائیو ٹیکنالوجی، لائف سائنسز اور بائیو میڈیکل سرمایہ کاری میں آگے بڑھائے گی۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "ریاست نیو یارک لائف سائنسز کی جدت طرازی میں سب سے آگے ہے جس کی ایک جزوی وجہ لانگ آئی لینڈ اور پوری ریاست میں ایک مضبوط لائف سائنس ایکو سسٹم کو فروغ دینے کے لیے ریاست کی اسٹریٹجک سرمایہ کاریاں ہیں۔ لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ کا لائف سائنس بزنس مقابلہ نہ صرف علاقے میں اقتصادی ترقی کو تیز کرے گا بلکہ یہ جدید ٹیکنالوجی کی تحقیق اور ترقی کرنے کی ہماری صلاحیت کو بھی آگے بڑھائے گا جو عالمی جدت طرازی کی معیشت میں نیو یارک کی قیادت کو مضبوط کرے گی۔"

LIREDC کے شریک چیئرز، Bethpage Federal Credit Union کی چیف اسٹریٹجی اینڈ مارکیٹنگ فسر Linda Armyn اور فارمنگ ڈیل اسٹیٹ کالج کے صدر ڈاکٹر John Nader نے کہا، "لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ کا لائف سائنسز مقابلہ اس علاقے کو صنعت کے لیے ایک تسلیم شدہ مرکز کے طور پر مزید فروغ دے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ لانگ آئی لینڈ ہی وہ جگہ ہے جہاں انقلابی اور جدت ساز لائف سائنسز کمپنیاں شروع ہوتی اور کام کرتی ہیں۔ ہم گورنر Hochul کی قیادت اور لانگ آئی لینڈ میں بڑھتی ہوئی لائف سائنسز انڈسٹری کے لیے ان کی حمایت کے شکر گزار ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا، "لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ، لانگ آئی لینڈ کے لیے ایک بڑا موڑ ہے، اور مجھے اس سال کے ریاستی بجٹ میں اسے شامل کرنے کے لیے لڑنے پر فخر ہے۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ ریاست بھر میں کس طرح کامیاب کاروباری سرعت کار جدت طرازی کو آگے بڑھانے اور نئے چھوٹے کاروباروں کو پروان چڑھانے میں کامیاب رہے ہیں۔ لانگ آئی لینڈ لائف سائنسز کا کاروباری مقابلہ ہمارے علاقے کے ذہانت پر مبنی سرمائے کو بروئے کار لائے گا اور ہمارے مقامی تحقیقی اداروں میں مسابقت کو فروغ دینے، ہماری معیشت کو بڑھانے اور ہمارے علاقے کو بڑھتی ہوئی لائف سائنسز کی صنعت میں مقابلہ کرتا رکھنے کے لیے بے پناہ وسائل کا فائدہ اٹھائے گا۔"

ریاستی سینیٹر Kevin Thomas نے کہا، "اس کاروباری مقابلے کا آغاز لانگ آئی لینڈ کے سائنس اور ٹیکنالوجی کے مراکز میں خاطر خواہ سرمایہ کاری کرنے کا ایک دلچسپ طریقہ ہے۔ لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ سے یہ مختص شدہ رقمیں بلاشبہ ہماری مقامی معیشتوں کو نشو نما پاتی کمپنیوں اور صنعتوں کو راغب کرنے کے ذریعے آگے بڑھا کر ہمارے علاقے میں ملازمتوں میں اضافے اور کمیونٹی کی سرمایہ کاری کو فروغ دیں گی۔ میں لانگ آئی لینڈ میں تبدیلی لانے والی اقتصادی ترقی کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اور میں ان جاری اقدامات کے لانگ آئی لینڈ کے باشندوں کو بامعنی نتائج فراہم کرتے رہنے میں ان کی معاونت کرنے کے لیے پر امید ہوں۔"

###